ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

پاکستان ویمنز نے نیوزی لینڈ ویمنز کے خلاف پہلی مرتبہ ٹی ٹوئنٹی سیریز جیت لی۔

دوسرے میچ میں 10 رنز سے کامیابی، فاطمہ ثنا کی 3 وکٹیں، عالیہ ریاض کی عمدہ بیٹنگ

ڈنیڈن 5 دسمبر۔ عالیہ ریاض کی ذمہ دارانہ بیٹنگ اور فاطمہ ثنا کی ایک مرتبہ پھر شاندار بولنگ نے پاکستان ویمنز کو نیوزی لینڈ ویمنز کے خلاف ایک اور یادگار کامیابی سے ہمکنار کردیا۔

عالیہ ریاض کے 32 رنز ناٹ آؤٹ اور فاطمہ ثنا کی 22 رنز کے عوض 3 وکٹوں نے پاکستان ویمنز کو دوسرے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں نہ صرف 10 رنز سے کامیابی دلادی بلکہ اس نے پہلی بار نیوزی لینڈ ویمنز کے خلاف ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سیریز بھی جیت لی۔
عالیہ ریاض کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔

یادرہے کہ پاکستان ویمنز نے فاطمہ ثنا کی شاندار بولنگ کے نتیجے میں پہلا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سات وکٹوں سے جیتا تھا جو اس کی نیوزی لینڈ ویمنز کے خلاف ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں پہلی کامیابی تھی۔

دوسرے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں نیوزی لینڈ ویمنز نے ٹاس جیت کر پاکستان ویمنز کو بیٹنگ دی جس نے 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 137 رنز اسکور کیے جو نیوزی لینڈ کے خلاف پاکستان ویمنز کا سب سے بڑا اسکور بھی ہے۔
نیوزی لینڈ ویمنز جواب میں 7 وکٹوں پر 127 رنز بنانے میں کامیاب ہو پائی۔
پاکستان ویمنز کی اننگز میں منیبہ علی نے 28 گیندوں پر 35 رنز اسکور کیے جس میں چھ چوکے شامل تھے۔

ایک موقع پر اس کی چار وکٹیں 86 رنز پر گر چکی تھیں۔ پہلے میچ کی ٹاپ اسکورر شوال ذوالفقار 7۔ بسمہ معروف 21 اور کپتان ندا ڈار 14 رنز بنا کر آؤٹ ہوئیں۔

عالیہ ریاض نے 22 گیندوں پر تین چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 32 رنز ناٹ آؤٹ کی اہم اننگز کھیلی جس کی وجہ سے مہمان ٹیم 137 کے اسکور تک پہنچ پائی۔

نیوزی لینڈ ویمنز کی طرف سے مولی پینفولڈ نے 17 اور فران جونز نے 21 رنز دے کر دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

سعدیہ اقبال اور پہلے میچ کی پلیئر آف دی میچ فاطمہ ثنا کی عمدہ بولنگ نے میزبان ٹیم کی چار وکٹیں صرف 29 رنز پر حاصل کر ڈالیں ۔ سعدیہ اقبال نے برنیڈ ائن اور ایمیلیا کر کو آؤٹ کیا جبکہ سوزی بیٹس اور کپتان سوفی ڈیوائن کی وکٹیں فاطمہ ثنا نے حاصل کیں۔ میڈی گرین اور جارجیا پلیمر کے درمیان 33 رنز کی شراکت کا خاتمہ ندا ڈار نے میڈی گرین کو 18 رنز پر آؤٹ کر کے کیا۔ پلیمر کے 28 رنز پر رن آؤٹ ہونے کے بعد پاکستان ویمنز کی جیت کے امکانات بڑھ گئے تھے۔

نیوزی لینڈ ویمنز کو آخری دو اوورز میں جیت کے لیے 33 رنز جبکہ آخری اوور میں 18 رنز درکار تھے۔ فاطمہ ثنا نے اس اوور میں 33 رنز بنانے والی ہانا روو کو بولڈ کر دیا۔ ان کے اس آخری اوور میں میزبان ٹیم صرف 7 رنز بنانے میں کامیاب ہو سکی۔

فاطمہ ثنا نے 22 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔ سعدیہ اقبال نے 29 رنز دے کر دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

ڈنیڈن میں دوسرا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل بھی یونیورسٹی آف اوٹاگو اوول میں کھیلا گیا لیکن نیوزی لینڈ کی سابق کپتان سوزی بیٹس کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے اس دوسرے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کے لیے اس گراؤنڈ کا نام سوزی بیٹس اوول رکھا گیا۔ سوزی بیٹس کا تعلق اوٹاگو سے ہے جو ٹی ٹوئنٹی اور ون ڈے انٹرنیشنل میں مجموعی طور پر 305 انٹرنیشنل میچوں میں نیوزی لینڈ کی نمائندگی کر چکی ہیں۔

دونوں ٹیموں کے درمیان تیسرا اور آخری ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل 9 دسمبر کو کوئنز ٹاؤن میں کھیلا جائے گا۔

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial